# وَمَا كَانَ هَـذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَى مِن دُونِ اللّهِ

اور وہ نہیں یہ قرآن کہ کوئی بنا لے اللہ کے سوا،

# يُونُس

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَـنِ الرَّحِيمِ

---

الر

الف لام را،

تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ (۱)

یہ آیتیں ہیں پکی (پُرحکمت) کتاب کی۔

أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَى رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ

کیا لوگوں کو تعجب ہوا کہ حکم بھیجا ہم نے ایک مرد کو اُن میں سے کہ ڈر سنائے لوگوں کو،

وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُواْ أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِندَ رَبِّهِمْ

اور خوشخبری دے جو کوئی یقین لائے کہ انکو ہے پایا سچا اپنے رب کے ہاں۔

قَالَ الْكَافِرُونَ إِنَّ هَـذَا لَسَاحِرٌ مُّبِينٌ (۲)

کہنے لگے منکر بیشک یہ جادوگر ہے صریح (کھلا)۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ

تمہارا رب اللہ ہے، جس نے بنائے آسمان اور زمین چھ دن میں،

ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الأَمْرَ

پھر قائم ہوا عرش پر تدبیر کرتا کام کی۔

مَا مِن شَفِيعٍ إِلاَّ مِن بَعْدِ إِذْنِهِ

کوئی سفارش نہ کر سکے مگر جو پہلے اس کا حکم ہو۔

ذَلِكُمُ اللّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ

وہ اللہ ہے رب تمہارا، سو اس کو پوجو۔

أَفَلاَ تَذَكَّرُونَ (٣)

کیا تم دھیان نہیں کرتے۔

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا

اسی کی طرف پھر (لوٹ) جانا ہے تم سب کو۔

وَعْدَ اللّهِ حَقًّا

وعدہ ہے اللہ کا سچا۔

إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ

وہی بنائے (پیدا کرے) پہلے، پھر اسکو دہرائے (دوبارہ پیدا کرے) گا،

لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ

تا (کہ) بدلہ دے انکو جو یقین لائے تھے اور کئے تھے کام نیک انصاف سے۔

وَالَّذِينَ كَفَرُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (٤)

اور جو منکر ہوئے، اُنکو پینا ہے کھولتا پانی، اور دُکھ کی مار، اس پر کہ منکر ہوتے تھے۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاء وَالْقَمَرَ نُورًا

وہی ہے! جس نے بنایا سورج کو چمک اور چاند کو اجالا،

وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُواْ عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ

اور ٹھہرائیں اسکو منزلیں، تو پہچانو گنتی برسوں کی اور حساب (تاریخوں کا)۔

مَا خَلَقَ اللّهُ ذَلِكَ إِلاَّ بِالْحَقِّ

نہیں بنایا اللہ نے یہ سب مگر تدبیر سے۔

يُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (٥)

کھولتا ہے پتے (نشانیاں) ایک لوگوں پر جن کو سمجھ ہے۔

إِنَّ فِي اخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَّقُونَ (٦)

البتہ بدلنے میں رات اوردن کے اور جو بنایا اللہ نے آسمان وزمین میں سچ (نشانیاں) ہیں ایک لوگوں کو جو ڈر رکھتے ہیں۔

إَنَّ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا وَرَضُواْ بِالْحَياةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّواْ بِهَا

جو امید نہیں رکھتے ہمارے ملنے کی اور راضی ہوئے دنیا کی زندگی پر، اور اس میں چین پکڑا،

وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ (٧)

اور جو ہماری قدرتوں سے خبر نہیں رکھتے۔

أُوْلَـئِكَ مَأْوَاهُمُ النُّارُ بِمَا كَانُواْ يَكْسِبُونَ (٨)

ایسوں کو ٹھکانا ہے آگ، بدلہ اسکا جو کماتے تھے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ

جو لوگ یقین لائے اور کئے کام نیک، راہ دے (پہنچائے) گا انکو رب اُنکا انکے ایمان سے (انکی منزل تک)۔

تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (٩)

بہتی ہیں انکے نیچے نہریں، باغوں میں آرام کے۔

دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلاَمٌ

اُنکی دُعا اس جگہ، یہ کہ پاک ذات ہے تیری یا اللہ! اور (باہمی) ملاقات انکی، سلام۔

وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (١٠)

اور تمام (ختم) انکی دُعا اس پر کہ سب خوبی اللہ کو جو صاحب سارے جہان کا۔

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُم بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ

اور اگر شتاب (جلدی) دے اللہ لوگوں کو بُرائی جیسے شتاب (جلدی) مانگتے ہیں بھلائی، تو پوری کر چکے انکی عمر (مہلت)۔

فَنَذَرُ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (١١)

سو ہم چھوڑ رکھتے ہیں، جنکو امید نہیں ہماری ملاقات کی، اپنی شرارت میں بہکتے۔

وَإِذَا مَسَّ الإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَآئِمًا

اور جب پہنچے انسان کو تکلیف، ہم کو پکارے پڑا ہوا یا بیٹھا یا کھڑا۔

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا إِلَى ضُرٍّ مَّسَّهُ

پھر جب ہم نے کھول (ٹال) دی اس سے وہ تکلیف، چلا گیا۔ گویا کبھی نہ پکارا تھا ہم کو کسی تکلیف پہنچنے پر۔

كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (١٢)

اسی طرح بن پایا ہے بے لحاظ لوگوں کو، جو کچھ کر رہے ہیں۔

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُواْ

اور ہم کھپا (ہلاک کر) چکے ہیں وہ سنگتیں (قومیں) تم سے پہلے، جب ظالم ہو گئے،

وَجَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ

اور لائے تھے اُن پاس رسول اُنکے کھلی نشانیاں اور ہرگز نہ تھے ایمان لانے والے۔

كَذَلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ (١٣)

یوں ہی سزا دیتے ہیں ہم قوم گنہگار کو۔

ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلاَئِفَ فِي الأَرْضِ مِن بَعْدِهِم لِنَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ (١٤)

پھر تم کو ہم نے نائب کیا زمین میں اُنکے بعد کہ دیکھیں تم کیا کرتے ہو۔

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ

اور جب پڑھیے ان پاس آیتیں ہماری صاف (واضح)،

قَالَ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَذَا أَوْ بَدِّلْهُ

کہتے ہیں جنکو امید نہیں ہم سے ملاقات کی، لے آ کوئی اور قرآن اسکے سوا یا اسکو بدل ڈال۔

قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن تِلْقَاء نَفْسِي

تُو کہہ، میرا کام نہیں اسکو بدل لوں اپنی طرف سے۔

إِنْ أَتَّبِعُ إِلاَّ مَا يُوحَى إِلَيَّ

میں تابع ہوں اسی کا جو حکم (وحی) آئے میری طرف۔

إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (١٥)

(بیشک) میں ڈرتا ہوں اگر بے حکمی کروں اپنے رب کی، بڑے دن کی مار سے۔

قُلْ لَّوْ شَاءَ اللّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلاَ أَدْرَاكُم بِهِ

تُو کہہ، اگر اللہ چاہتا، تو میں نہ پڑھتا (یہ) تمہارے پاس اور نہ وہ تم کو خبر کرتا اسکی ۔

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ

کیونکہ میں رہ چکا ہوں تم میں ایک عمر اس سے پہلے ۔

أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (١٦)

کیا پھر تم نہیں بوجھتے ۔

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ

پھر کون ظالم اس سے جو بناوے اللہ پر جھوٹ یا جھٹلائے اسکی آیتیں ۔

إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ (١٧)

بیشک بھلا نہیں ہوتا گنہگاروں کا ۔

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَضُرُّهُمْ وَلاَ يَنفَعُهُمْ

اور پُوجتے ہیں اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرے انکا اور نہ بھلا ،

وَيَقُولُونَ هَـؤُلاء شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللّهِ

اور کہتے ہیں یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ پاس ۔

قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللّهَ بِمَا لاَ يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلاَ فِي الأَرْضِ

تُو کہہ، تم اللہ کو جتاتے ہو جو اسکو معلوم نہیں کہیں آسمانوں میں نہ زمین میں ۔

سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (١٨)

وہ پاک ہے اور بہت دُور ہے اس سے جو شریک کرتے ہیں ۔

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلاَّ أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُواْ

اور لوگ جو ہیں سو ایک ہی اُمّت ہیں، پیچھے جُدا جُدا ہوئے ۔

وَلَوْلاَ كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (١٩)

اور اگر نہ ایک بات آگے ہوچکتی تیرے رب کی تو فیصلہ ہوجاتا ان میں جس بات میں پھُوٹ رہے ہیں ۔

وَيَقُولُونَ لَوْلاَ أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اتری اس پر ایک نشانی اسکے رب سے،

فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّهِ فَانْتَظِرُواْ إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ (٢٠)

سو تُو کہہ، کہ چھپی بات اللہ ہی جانے، سو راہ دیکھو، میں تمہارے ساتھ ہوں راہ دیکھتا۔

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا

اور جب چکھائیں ہم لوگوں کو مزہ اپنی مہر (رحمت) کا بعد تکلیف کے جو انکو لگی تھی، اسی وقت بنانے لگیں حیلے ہماری قدرتوں میں۔

قُلِ اللّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا

تُو کہہ اللہ سب سے جلد بنا سکتا ہے حیلہ۔

إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ (٢١)

ہمارے بھیجے ہوئے لکھتے ہیں حیلے بنانے تمہارے۔

هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

وہی (تو ہے جو) تم کو پھراتا (چلاتا) ہے جنگل اور دریا میں۔

حَتَّى إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُواْ بِهَا

یہاں تک جب تم ہوئے کشتی میں اور لے کر چلی لوگوں کو اچھی باؤ (موافق ہواؤں کی مدد) سے، اور خوش ہوئے اس سے،

جَاءتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّواْ أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ

(تو) آئی اُن پر باؤ (ہوا) جھوکے (تیزی) کی اور آئی اُن پر لہر ہر جگہ سے، اور اٹکلے (گمان کرنے لگے) کہ وہ گھرے (طوفان میں)،

دَعَوُاْ اللّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

(تو اسوقت) پکارنے لگے اللہ کو، نرے (خالص) ہو کر اسکی بندگی میں۔

لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَـذِهِ لَنَكُونَنِّ مِنَ الشَّاكِرِينَ (٢٢)

اگر تُو بچائے ہم کو اس سے تو بیشک ہم رہیں (تیرے) شکر گزار۔

فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي الأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

پھر جب بچا دیا انکو اللہ نے اسی وقت شرارت کرنے لگے زمین میں ناحق کی۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَى أَنفُسِكُم

سنو لوگو! تمہاری شرارت ہے تمہیں پر (تمہارے اپنے ہی خلاف)،

مَّتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

برت لو (لوٹ لو مزے) دنیا کے جیتے،

ثُمَّ إِلَينَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٢٣)

پھر ہمارے پاس ہے تم کو پھرنا (لوٹنا ہے)، پھر ہم جتا (بتا) دیں گے جو کچھ کہ تم کرتے تھے۔

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاء أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاء

دنیا کا جینا وہی کہاوت ہے، جیسے ہم نے پانی اتارا آسمان سے،

فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالأَنْعَامُ

پھر ایک مل (عمدہ) نکلا اس سے سبزہ زمین کا، جو کھائیں آدمی اور جانور۔

حَتَّىَ إِذَا أَخَذَتِ الأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَآ

یہاں تک کہ جب پکڑی زمین نے چمک اور سنگار پر آئی اور لگے (گمان کرنے لگے) زمین والے کہ یہ ہمارے ہاتھ لگی،

أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلاً أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ بِالأَمْسِ

پہنچا اس پر ہمارا حکم رات کو یا دن کو، پھر کر ڈالا اس کو کاٹ کر ڈھیر گویا کل کو یہاں نہ تھی بستی۔

كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (٢٤)

اسی طرح ہم کھولتے ہیں پتے (نشانیاں) ان لوگوں پاس جن کو دھیان ہے (جو غور و فکر کرتے ہیں)۔

وَاللّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلاَمِ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٢٥)

اور اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر کو۔ اور دکھاتا ہے جسکو چاہے راہ سیدھی۔

لِّلَّذِينَ أَحْسَنُواْ الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ وَلاَ يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلاَ ذِلَّةٌ

جنہوں نے کی بھلائی اور بڑھتی (مزید)، اور نہ چڑھے گی اُنکے منہ پر سیاہی اور نہ رسوائی،

أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (٢٦)

وہ ہیں جنت والے۔ وہ اس میں رہا کریں گے۔

وَالَّذِينَ كَسَبُواْ السَّيِّئَاتِ جَزَاء سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ

اور جنہوں نے کمائیں بُرائیاں، بدلہ برائی کا اسکے برابر، اور ان پر چڑھے گی رسوائی۔

مَّا لَهُم مِّنَ اللّهِ مِنْ عَاصِمٍ

کوئی نہیں انکو اللہ سے بچانے والا۔

كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا

جیسے ڈھانک دیا ہے انکے منہ پر ایک اندھیرا، ٹکڑا رات کا۔

أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ(٢٧)

وہ ہیں آگ والے۔ وہ اس میں رہا کریں گے۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُواْ مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ

اور جس دن جمع کریں گے ہم انکو، پھر کہیں گے شریک والوں کو، کھڑے ہوا اپنی جگہ تم اور تمہارے شریک۔

ثُمَّ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ

پھر توڑا دیں (پھوٹ ڈالیں) گے آپس میں انکو،

وَقَالَ شُرَكَآؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ (٢٨)

اور کہیں گے انکے شریک، تم ہم کو بندگی نہ کرتے تھے۔

فَكَفَى بِاللّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ (٢٩)

سو اللہ بس (کافی) ہے شاہد ہمارے تمہارے بیچ میں، ہم تمہاری بندگی کی خبر نہیں رکھتے۔

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ

وہاں جانچ لے گا ہر کوئی جو آگے بھیجا،

وَرُدُّواْ إِلَى اللّهِ مَوْلاَهُمُ الْحَقِّ

اور رجوع ہوں گے اللہ کی طرف، جو سچا صاحب ہے انکا،

وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (٣٠)

اور گم ہو جائے گا ان پاس سے جو جھوٹ باندھتے تھے۔

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاء وَالأَرْضِ

تُو پوچھ، کہ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان اور زمین سے؟

أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ والأَبْصَارَ

یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا؟

وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيَّتَ مِنَ الْحَيِّ

اور کون نکالتا ہے جیتا مُردے سے؟ اور نکالتا ہے مُردہ جیتے سے؟

وَمَن يُدَبِّرُ الأَمْرَ

اور کون تدبیر کرتا ہے کام کی؟

فَسَيَقُولُونَ اللّهُ

سو کہیں گے اللہ!

فَقُلْ أَفَلاَ تَتَّقُونَ (٣١)

تو تُو کہہ، پھر (بھی) تم ڈرتے نہیں۔

فَذَلِكُمُ اللّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلاَّ الضَّلاَلُ

سو یہ اللہ ہے رب تمہارا سچا۔ پھر کیا رہا سچ پیچھے مگر بھٹکنا؟

فَأَنَّى تُصْرَفُونَ (٣٢)

سو کہاں سے پھرے جاتے ہو؟

كَذَلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ فَسَقُواْ أَنَّهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (٣٣)

اسی طرح ٹھیک آئی بات تیرے رب کی ان بےحکموں پر، کہ یقین نہ لائیں گے۔

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ

پوچھ کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو پہلے بنائے (ابتدا کرے تخلیق کی)، پھر اسکو دہرائے۔

قُلِ اللّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ

تُو کہہ، اللہ پہلے بناتا (تخلیق کرتا) ہے، پھر اسکو دہراتا ہے،

فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (٣٤)
سو کہاں سے الٹ (راہ پر) جاتے ہو۔

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ
پُوچھ، کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو راہ بتائے صحیح،

قُلِ اللّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ
تُو کہہ، اللہ راہ بتاتا ہے صحیح۔

أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لاَّ يَهِدِّيَ
اب جو کوئی راہ بتائے صحیح، اسکو چاہیئے ماننا؟ یا جو آپ نہ پائے راہ، مگر جب کوئی بتائے۔

إِلاَّ أَن يُهْدَى فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ (٣٥)
سو کیا ہوا ہے تم! کیسا انصاف کرتے ہو؟

وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلاَّ ظَنًّا إَنَّ الظَّنَّ لاَ يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا
وہ اکثر چلتے ہیں اٹکل (گمان) پر۔ اٹکل کام نہیں کرتی صحیح بات میں کچھ۔

إِنَّ اللّهَ عَلَيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ (٣٦)
اللہ کو معلوم ہے جو کام کرتے ہیں۔

وَمَا كَانَ هَـذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَى مِن دُونِ اللّهِ
اور وہ نہیں یہ قرآن کہ کوئی بنالے اللہ کے سوا،

وَلَـكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ
اور لیکن سچا کرتا ہے اگلے کلام کو،

وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لاَ رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (٣٧)
اور بیان کتاب کا، جس میں شبہ نہیں، جہاں کے صاحب سے۔

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ

کیا لوگ کہتے ہیں، یہ بنا لایا ہے۔

قُلْ فَأْتُواْ بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ

تُو کہہ، تم لے آؤ ایک سورۃ ایسی،

وَادْعُواْ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٣٨)

اور پکارو جس کو پکار سکو اللہ کے سوا، اگر تم سچے ہو۔

بَلْ كَذَّبُواْ بِمَا لَمْ يُحِيطُواْ بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ

کوئی نہیں! پر جھٹلانے لگے ہیں جسکے سمجھنے پر قابو نہ پایا، اور ابھی آئی نہیں اس کی حقیقت۔

كَذَلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

یوں ہی جھٹلاتے رہے اُن سے اگلے،

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ (٣٩)

سو دیکھ لے کیسا ہوا آخر گنہگاروں کا۔

وَمِنهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لاَّ يُؤْمِنُ بِهِ

اور کوئی ان میں یقین کریگا اسکو اور کوئی یقین نہ کرے گا۔

وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ (٤٠)

اور تیرے رب کو خوب معلوم ہیں شرارت والے۔

وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ

اور اگر تجھ کو جھٹلائیں تو کہہ، مجھ کو میرا کام کرنا ہے اور تم کو تمہارا کام۔

أَنتُمْ بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَاْ بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ (٤١)

تم پر ذمہ نہیں میرے کام کا، اور مجھ پر ذمہ نہیں جو تم کرتے ہو۔

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ

اور بعضے ان میں کان رکھتے ہیں تیری طرف۔

أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُواْ لاَ يَعْقِلُونَ (٤٢)

کیا تُو سنائے گا بہروں کو؟ اگرچہ بُوجھ نہ رکھتے ہوں ۔

وَمِنهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ

اور بعضے ان میں نگاہ کرتے ہیں تیری طرف ۔

أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُواْ لاَ يُبْصِرُونَ (٤٣)

کیا تُو راہ دکھائے گا اندھوں کو؟ اگرچہ سوجھ نہ رکھتے ہوں ۔

إِنَّ اللّهَ لاَ يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَـكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (٤٤)

اللہ ظلم نہیں کرتا لوگوں پر کچھ، اور لیکن لوگ اپنے پر آپ ظلم کرتے ہیں ۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُواْ إِلاَّ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ

اور جس دن انکو جمع کریگا، گویا نہ رہے تھے مگر کوئی گھڑی دن، آپس میں پہچانیں گے ۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِلِقَاء اللّهِ وَمَا كَانُواْ مُهْتَدِينَ (٤٥)

بیشک خراب ہوئے، جنھوں نے جھٹلایا اللہ کا ملنا، اور نہ آئے راہ پر ۔

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

اگر ہم دکھائیں گے تجھ کو کوئی ان وعدوں میں سے جو دیتے ہیں انکو، یا پوری کردیں گے تیری عمر،

فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّهُ شَهِيدٌ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ (٤٦)

سو ہماری طرف ہے انکو پھر (لوٹ) آنا، پھر اللہ شاہد ہے ان کاموں پر جو کرتے ہیں ۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ

اور ہر فرقے کا ایک رسول ہے،

فَإِذَا جَاء رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (٤٧)

پھر جب پہنچا اُن پر رسول ان کا، فیصلہ ہوا اُن میں انصاف سے، اور ان پر ظلم نہیں ہوتا ۔

وَيَقُولُونَ مَتَى هَـذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٤٨)

اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ! اگر تم سچے ہو ۔

قُل لاَّ أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا إِلاَّ مَا شَاء اللّهُ

تُو کہہ، میں مالک نہیں اپنے واسطے بُرے کا، نہ بھلے کا، مگر جو چاہے اللہ۔

لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ

ہر فرقے کا ایک وعدہ ہے۔

إِذَا جَاء أَجَلُهُمْ فَلاَ يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلاَ يَسْتَقْدِمُونَ (٤٩)

جب پہنچا انکا وعدہ، نہ ڈھیل کریں ایک گھڑی نہ جلدی۔

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ (٥٠)

تُو کہہ بھلا دیکھو تو اگر آ پہنچے عذاب اسکا راتوں رات، یا دن کو کیا کرلیں گے اس سے پہلے گنہگار۔

أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنْتُم بِهِ

کیا پھر جب (عذاب) پڑ چکے گا، تب یقین کروگے اس کو۔

آلآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ (٥١)

اب قائل ہوئے اور تم تھے اسی کی جلدی کرتے۔

ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُواْ ذُوقُواْ عَذَابَ الْخُلْدِ

پھر کہیں گے گنہگاروں کو، چکھو عذاب ہمیشہ کا۔

هَلْ تُجْزَوْنَ إِلاَّ بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ (٥٢)

وہی بدلہ پاتے ہو جو کچھ کماتے تھے۔

وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ

اور تجھ سے خبر لیتے ہیں، کیا سچ ہے یہ بات؟

قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ

تُو کہہ، البتہ قسم میرے رب کی! یہ سچ ہے۔

وَمَا أَنتُمْ بِمُعْجِزِينَ (٥٣)

اور تم (اللہ کو) تھکا نہ (عاجز نہ کر) سکو گے۔

وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الأَرْضِ لاَفْتَدَتْ بِهِ

اور اگر ہو ہر شخص گنہگار پاس جتنا کچھ ہے زمین میں، البتہ دے ڈالے اپنی چھڑوائی میں۔

وَأَسَرُّواْ النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُاْ الْعَذَابَ

اور چھپے چھپے پچھتائیں گے، جب دیکھیں گے عذاب۔

وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (٥٤)

اور ان میں فیصلہ ہوگا انصاف سے، اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

أَلا إِنَّ لِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

سُن رکھو! اللہ کا ہے، جو کچھ ہے آسمان و زمین میں۔

أَلاَ إِنَّ وَعْدَ اللّهِ حَقٌّ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (٥٥)

سُن رکھو! وعدہ اللہ کا سچ ہے، پر بہت لوگ نہیں جانتے۔

هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (٥٦)

وہی جلاتا (زندہ کرتا) ہے اور مارے گا اور اسی کی طرف پھر (لوٹ) جاؤ گے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاء لِّمَا فِي الصُّدُورِ

اے لوگو! تم کو آئی ہے نصیحت تمہارے رب سے، اور چنگے کرنے کو جیوں (دلوں) کے روگ (بیماری)،

وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (٥٧)

اور راہ سوجھانے اور مہربانی یقین لانے والوں کو۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُواْ

کہہ، اللہ کے فضل سے اور اسکی مہر (رحمت) سے، سو اسی پر چاہیئے خوشی کریں۔

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (٥٨)

یہ بہتر ہے ان چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا أَنزَلَ اللّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ

تُو کہہ، بھلا دیکھو تو! اللہ نے جو اتاری تمہارے واسطے روزی،

فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَامًا وَحَلاَلاً

پھر تم نے ٹھہرا لی اس میں سے کوئی حلال اور کوئی حرام۔

قُلْ آللّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّهِ تَفْتَرُونَ (٥٩)

کہہ، اللہ نے حکم دیا تم کو یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو۔

وَمَا ظَنُّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور کیا اٹکلے ہیں (سمجھے ہیں)، جھوٹ باندھنے والے اللہ پر، قیامت کے دن کو۔

إِنَّ اللّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَشْكُرُونَ (٦٠)

اللہ تو فضل رکھتا ہے لوگوں پر، لیکن بہت لوگ حق نہیں مانتے۔

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ

اور نہیں ہوتا تو کسی حال میں اور نہ پڑھتا ہے اس میں سے کچھ قرآن،

وَلاَ تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلاَّ كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ

اور نہ کرتے ہو تم لوگ کچھ کام، کہ ہم نہیں ہوتے حاضر تم پر جب تم لگتے (مصروف) ہو اس میں۔

وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاء

اور غائب نہیں رہتا تیرے رب سے، ایک ذرّہ بھر زمین میں نہ آسمان میں،

وَلاَ أَصْغَرَ مِن ذَلِكَ وَلا أَكْبَرَ إِلاَّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (٦١)

نہ اس سے چھوٹا نہ اس سے بڑا، جو نہیں کھلی کتاب میں۔

أَلا إِنَّ أَوْلِيَاء اللّهِ لاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (٦٢)

سن رکھو! جو لوگ اللہ کی طرف ہیں، نہ ڈر ہے اُن پر نہ غم کھائیں۔

الَّذِينَ آمَنُواْ وَكَانُواْ يَتَّقُونَ (٦٣)

جو لوگ یقین لائے اور رہے پرہیز کرتے ۔

لَهُمُ الْبُشْرَى فِي الْحَياةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ

انکو ہے خوشخبری دنیا کے جیتے اور آخرت میں ۔

لاَ تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللّهِ

بدلتی نہیں اللہ کی باتیں ۔

ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (٦٤)

یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔

وَلاَ يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّهِ جَمِيعًا

اور نہ غم کھا اُنکی بات سے ، اصل سب زور اللہ کو ہے ۔

هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٦٥)

وہی ہے سنتا جانتا ۔

ألا إِنَّ لِلّهِ مَن فِي السَّمَاوَات وَمَن فِي الأَرْضِ

سنتا ہے ! اللہ کا ہے جو کوئی ہے آسمان میں اور جو کوئی ہے زمین میں ۔

وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ شُرَكَاء

اور یہ جو پیچھے پڑے ہیں شریک پکارنے والے اللہ کے سوا ۔

إِن يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلاَّ يَخْرُصُونَ (٦٦)

کچھ نہیں ، مگر پیچھے پڑے ہیں خیال کے اور کچھ نہیں مگر اٹکلیں دوڑاتے ( قیاس آرائیاں کرتے ہیں ) ۔

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُواْ فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا

وہی ہے جس نے بنا دی تم کو رات کہ چین پکڑو اس میں اور دن دیا دکھانے والا ۔

إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ (٦٧)

اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کو جو سنتے ہیں ۔

قَالُواْ اتَّخَذَ اللّهُ وَلَدًا

کہتے ہیں، اللہ نے کوئی بیٹا کیا،

سُبْحَانَهُ هُوَ الْغَنِيُّ

پاک ہے، وہ بے نیاز ہے۔

لَهُ مَا فِي السَّمَاوَات وَمَا فِي الأَرْضِ

اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔

إِنْ عِندَكُم مِّن سُلْطَانٍ بِهَـٰذَا أَتقُولُونَ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (٦٨)

کچھ سند نہیں تم پاس اس کی۔ کیوں جھوٹ کہتے ہو اللہ پر، جو بات نہیں جانتے۔

قُلْ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ لاَ يُفْلِحُونَ (٦٩)

کہہ، جو لوگ باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹ، بھلا نہیں پاتے۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

برت (فائدہ اٹھا) لینا دنیا میں، پھر ہماری طرف ہے انکو پھر جانا (لوٹ کر آنا ہے)،

ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيدَ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (٧٠)

پھر چکھائیں گے ہم اُنکو سخت عذاب، اس پر کہ منکر ہوئے تھے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ

اور سنا انکو احوال نوح کا، جب کہا اپنی قوم کو،

يَا قَوْمِ إِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُم مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللّهِ فَعَلَى اللّهِ تَوَكَّلْتُ

اے قوم! اگر بھاری (ناقابلِ برداشت) ہوا ہے تم پر میرا کھڑا ہونا، اور سمجھانا اللہ کی باتوں سے، تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا،

فَأَجْمِعُواْ أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءكُمْ

اب تم سب مل کر مقرر کر و اپنا کام (تدبیر)، اور جمع کرو اپنے شریک،

ثُمَّ لاَ يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً

پھر نہ رہے تم کو اپنے کام میں شبہ،

ثُمَّ اقْضُواْ إِلَيَّ وَلاَ تُنظِرُونِ (٧١)

پھر کر چکو میری طرف (جو کرنا ہے) اور مجھ کو فرصت (مہلت) نہ دو۔

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلاَّ عَلَى اللّهِ

پھر اگر ہٹ جاؤ گے تو میں نے چاہی نہیں تم سے مزدوری۔ میری مزدوری ہے اللہ پر،

وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (٧٢)

اور مجھ کو حکم ہے کے رہوں حکم بردار۔

فَكَذَّبُوهُ

پھر اسکو جھٹلایا،

فَنَجَّيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنَاهُمْ خَلاَئِفَ

پھر ہم نے بچا دیا اسکو اور جو اسکے ساتھ تھے کشتی میں، اور انکو قائم (خلیفہ) کیا جگہ پر،

وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا

اور ڈبو دیے جو جھٹلاتے تھے ہماری باتیں۔

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ (٧٣)

سو دیکھ، آخر کیسا ہوا جن کو ڈرایا (متنبہ کیا) تھا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِ رُسُلاً إِلَى قَوْمِهِمْ

پھر بھیجے ہم نے اسکے پیچھے کتنے رسول اپنی اپنی قوم میں،

فَجَآؤُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ

پھر لائے اُن پاس کھلی نشانیاں،

فَمَا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ بِمَا كَذَّبُواْ بِهِ مِن قَبْلُ

سو ہرگز نہ ہوئے کہ یقین لائیں جو بات جھٹلا چکے پہلے سے۔

كَذَلِكَ نَطْبَعُ عَلَى قُلوبِ الْمُعْتَدِينَ (٧٤)

اسی طرح ہم مُہر کرتے ہیں دلوں پر زیادتی والوں کے۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَى وَهَارُونَ إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ بِآيَاتِنَا

پھر بھیجا ہم نے اُنکے پیچھے موسیٰ اور ہارون کو، فرعون اور اس کے سرداروں پاس اپنی نشانیاں دے کر،

فَاسْتَكْبَرُواْ وَكَانُواْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ (٧٥)

پھر تکبر کرنے لگے اور وہ تھے لوگ گنہگار۔

فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُواْ إِنَّ هَـذَا لَسِحْرٌ مُّبِينٌ (٧٦)

پھر جب آئی انکو سچی بات ہمارے پاس سے، کہنے لگے، یہ تو جادو ہے صریح (کھلا)۔

قَالَ مُوسَى أَتقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءكُمْ أَسِحْرٌ هَـذَا

کہا موسیٰ نے، تم یہ کہتے ہو تحقیق بات کو، جب تم پاس پہنچی۔ کوئی جادو ہے یہ؟

وَلاَ يُفْلِحُ السَّاحِرُونَ (٧٧)

اور بھلا نہیں پاتے جادو کرنے والے۔

قَالُواْ أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءنَا

بولے، کیا تُو آیا ہے کہ ہم کو پھیر دے اس راہ سے جس پر پائے ہم نے اپنے باپ دادے؟

وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاء فِي الأَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ (٧٨)

اور تم دونوں کو سرداری ہو اس ملک میں۔ اور ہم نہیں تم کو ماننے والے۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُونِي بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ (٧٩)

اور بولا فرعون کہ لاؤ میرے پاس جو جادوگر ہو پڑھا (ماہر)۔

فَلَمَّا جَاء السَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَى أَلْقُواْ مَا أَنتُم مُّلْقُونَ (٨٠)

پھر جب آئے جادوگر، کہا انکو موسیٰ نے، ڈالو جو تم ڈالتے ہو۔

فَلَمَّا أَلْقَواْ قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ

پھر جب انہوں نے ڈالا، موسیٰ بولا، کہ جو تم لائے ہو سو جادو ہے۔

إِنَّ اللّهَ سَيُبْطِلُهُ

اب اللہ اس کو بگاڑتا ہے۔

إِنَّ اللّهَ لاَ يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ (٨١)

اللہ نہیں سنوارتا شریروں کے کام ۔

وَيُحِقُّ اللّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ (٨٢)

اور اللہ سچا کرتا ہے سچ کو اپنے حکم سے، اور پڑے بُرا مانیں گنہگار ۔

فَمَا آمَنَ لِمُوسَى إِلاَّ ذُرِّيَّةٌ مِّن قَوْمِهِ عَلَى خَوْفٍ

پھر کسی نے نہ مانا موسیٰ کو مگر کتنے لڑکوں نے اسکی قوم سے ڈرتے ہوئے

مِّن فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِمْ أَن يَفْتِنَهُمْ

فرعون سے اور انکے سرداروں سے کہ انکو بچلا نہ دے (آزمائش میں نہ ڈالے)،

وَإِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الأَرْضِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الْمُسْرِفِينَ (٨٣)

اور فرعون چڑھ رہا ہے (غلبہ حاصل تھا) ملک میں ۔ اور اس نے ہاتھ چھوڑ رکھا ہے (حد سے بڑھا ہوا تھا)۔

وَقَالَ مُوسَى يَا قَوْمِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللّهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُواْ إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ (٨٤)

اور کہا موسیٰ نے، اے قوم! اگر تم یقین لائے ہو اللہ پر، تو اسی پر بھروسا کرو، اگر ہو حکم بردار ۔

فَقَالُواْ عَلَى اللّهِ تَوَكَّلْنَا

تب بولے، ہم نے اللہ پر بھروسا کیا ۔

رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (٨٥)

اے رب! ہم پر نہ آزماذور اس ظالم قوم کا ۔

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (٨٦)

اور چھڑا ہم کو اپنی مہر کر (رحمت سے) اس منکر قوم سے ۔

وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّءَا لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا

اور حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو، اور اس کے بھائی کو، کہ ٹھیراؤ اپنی قوم کے واسطے مصر میں سے گھر،

وَاجْعَلُواْ بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ (٨٧)

اور بناؤ اپنے گھر قبلہ کی طرف اور قائم کرو نماز ۔ اور خوشخبریاں دے ایمان والوں کو ۔

وَقَالَ مُوسَى

اور کہا موسیٰ نے ،

رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالاً فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

اے رب ہمارے! تُو نے دی ہے فرعون کو اور اسکے سرداروں کو رونق اور مال دنیا کی زندگی میں ۔

رَبَّنَا لِيُضِلُّواْ عَن سَبِيلِكَ

اے رب! اس واسطے کہ بہکائیں تیری راہ سے ۔

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلاَ يُؤْمِنُواْ

اے رب! مٹا دے انکے مال اور سخت کرا نکے دل کہ نہ ایمان لائیں ،

حَتَّى يَرَوُاْ الْعَذَابَ الأَلِيمَ (٨٨)

جب تک دیکھیں دکھ کی مار ۔

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا

فرمایا ، قبول ہو چکی دُعا تمہاری ،

فَاسْتَقِيمَا وَلاَ تَتَّبِعَآنِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لاَ يَعْلَمُونَ (٨٩)

سو تم دونوں ثابت (قدم) رہو ، اور مت چلو راہ انکی جو انجان ہیں ۔

وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ

اور پار کیا ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے ،

فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا

پھر پیچھے پڑا انکے فرعون اور اسکے لشکر ، شرارت سے اور زیادتی سے ۔

حَتَّى إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ

جب تک پہنچا اس پر دباؤ (ڈوبنے لگا) ، کہا ،

آمَنتُ أَنَّهُ لا إِلِـهَ إِلاَّ الَّذِي آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ

یقین جانا میں نے ، کہ کوئی معبود نہیں مگر جس پر یقین لائے بنی اسرائیل ،

وَأَنَاْ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (٩٠)

اور میں ہوں حکم برداروں میں ۔

آلآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ (٩١)

اب یہ کہنے لگا ! اور تو بے حکم رہا پہلے اور رہا بگاڑ والوں میں ۔

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً

سو آج بچائیں گے ہم تجھ کو تیرے بدن سے، تو ہوئے تو اپنے پچھلوں (بعد والوں) کو نشانی،

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ (٩٢)

اور البتہ بہت لوگ ہماری قدرتوں پر دھیان نہیں کرتے ۔

وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ

اور جگہ دی ہم نے بنی اسرائیل کو، پوری جگہ دینی، اور کھانے کو دیں ستھری چیزیں ۔

فَمَا اخْتَلَفُواْ حَتَّى جَاءهُمُ الْعِلْمُ

سو وہ پھوٹے نہیں (اختلاف نہیں کیا)، (کر) جب تک آ چکی ان کو (پاس) خبر ۔

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (٩٣)

اب تیرا رب ان میں فیصلہ کرے گا قیامت کے دن، جس بات میں وہ پھوٹ (اختلاف کر) رہے تھے ۔

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَؤُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ

سو اگر تو ہے شک میں اس چیز سے جو اُتاری ہم نے تیری طرف، تو پوچھ ان سے جو پڑھتے ہیں کتاب تجھ سے آگے (پہلے) ۔

لَقَدْ جَاءكَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ (٩٤)

بیشک آیا ہے تجھ کو حق تیرے رب سے، سو تو مت ہو شبہ لانے والا ۔

وَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِ اللّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَاسِرِينَ (٩٥)

اور مت ہو اُن میں جنہوں نے جھٹلائیں باتیں اللہ کی، پھر تو بھی ہوئے خراب ہونے والا ۔

إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُونَ(٩٦)

جن پر ٹھیک آئی بات تیرے رب کی وہ نہ مانیں گے ۔

وَلَوْ جَاءتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّى يَرَوُاْ الْعَذَابَ الأَلِيمَ (٩٧)

اگر چہ پہنچیں اُنکو ساری نشانیاں ، جب تک نہ دیکھیں دُکھ کی مار ۔

فَلَوْلاَ كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلاَّ قَوْمَ يُونُسَ

سو کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ یقین لاتی پھر کام آتا انکو ایمان لانا ، مگر یونس کی قوم ۔

لَمَّآ آمَنُواْ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الخِزْيِ فِي الْحَيَاةَ الدُّنْيَا

جب یقین لائے ، کھول دیا ہم نے اُن پر سے ذلّت کا عذاب ، دنیا کے جیتے ،

وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَى حِينٍ (٩٨)

اور کام چلایا انکا (بہرہ مند ہونے کا موقع دیا) ایک وقت تک ۔

وَلَوْ شَاء رَبُّكَ لآمَنَ مَن فِي الأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا

اور اگر تیرا رب چاہتا ، یقین ہی لاتے جتنے لوگ زمین میں ہیں سارے تمام ۔

أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتَّى يَكُونُواْ مُؤْمِنِينَ (٩٩)

اب کیا تُو زور (زبردستی) کریگا لوگوں پر کہ ہو جائیں با ایمان ۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن تُؤْمِنَ إِلاَّ بِإِذْنِ اللّهِ

اور کسی جی (جان) کو نہیں ملتا کہ یقین لائے مگر اللہ کے حکم سے ،

وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لاَ يَعْقِلُونَ (١٠٠)

اور وہ ڈالتا ہے گندگی (شرک و کفر کی) اُن پر جو نہیں بوجھتے (عقل و سمجھ سے کام نہیں لیتے) ۔

قُلِ انظُرُواْ مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

تُو کہہ ، دیکھو تو ! کیا کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں ۔

وَمَا تُغْنِي الآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَن قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ (١٠١)

اور کچھ کام نہیں آتی نشانیاں اور ڈراتے (تنبیہات) ان لوگوں کو جو نہیں مانتے ۔

فَهَلْ يَنتَظِرُونَ إِلاَّ مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِينَ خَلَوْاْ مِن قَبْلِهِمْ

سو اب کچھ راہ دیکھتے ہیں ، مگر انہیں کے سے دن جو ہو چکے ہیں اُن سے پہلے ۔

قُلْ فَانتَظِرُواْ إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ (١٠٢)

تُو کہہ، اب راہ دیکھو! میں بھی تمہارے ساتھ راہ دیکھتا ہوں۔

ثُمَّ نُنَجِّي رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُواْ

پھر ہم بچا دیتے ہیں اپنے رسولوں کو، اور جو ایمان لائے، اسی طرح۔

كَذَلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنجِ الْمُؤْمِنِينَ (١٠٣)

ذمہ ہمارا بچا دیں گے ایمان والوں کو۔

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي شَكٍّ مِّن دِينِي فَلاَ أَعْبُدُ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ

تُو کہہ، اے لوگو! اگر تم شک میں ہو میرے دین سے، تو میں نہیں پُوجتا جن کو تم پُوجتے ہو اللہ کے سوا،

وَلَـكِنْ أَعْبُدُ اللّهَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُمْ

لیکن میں پُوجتا ہوں اللہ کو جو تم کو کھینچ لیتا (جسکے قبضے میں تمہاری موت) ہے،

وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (١٠٤)

اور مجھ کو حکم ہے کہ رہوں ایمان والوں میں۔

وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا وَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (١٠٥)

اور یہ کہ سیدھا کر منہ اپنا دین پر حنیف (یکسو) ہو کر۔ اور مت ہو شرک والوں میں۔

وَلاَ تَدْعُ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَنفَعُكَ وَلاَ يَضُرُّكَ

اور مت پکار اللہ کے سوا ایسے کو کہ نہ بھلا کرے تیرا اور بُرا۔

فَإِن فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِّنَ الظَّالِمِينَ (١٠٦)

پھر اگر تُو نے یہ کیا تو تُو بھی اس وقت ہے گنہگاروں میں۔

وَإِن يَمْسَسْكَ اللّهُ بِضُرٍّ فَلاَ كَاشِفَ لَهُ إِلاَّ هُوَ

اور اگر پہنچائے اللہ تجھ کو کچھ تکلیف تو کوئی نہیں اسکو کھولنے والا اسکے سوا۔

وَإِن يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلاَ رَآدَّ لِفَضْلِهِ

اور اگر چاہے تجھ پر کچھ بھلائی تو کوئی پھیرنے والا نہیں اس کے فضل کو۔

يُصَيبُ بِهِ مَن يَشَاء مِنْ عِبَادِهِ

پہنچائے وہ جس پر چاہے اپنے بندوں میں۔

وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (۱۰۷)

اور وہی ہے بخشنے والا مہربان۔

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءكُمُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ

تُو کہہ، لوگو! حق آ چکا تم کو تمہارے رب سے،

فَمَنِ اهْتَدَى فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ

اب جو کوئی راہ پر آئے سو وہ راہ پاتا ہے اپنے بھلے کو۔

وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا

اور جو کوئی بھولا پھرے سو بھولا پھرے گا اپنے بُرے کو۔

وَمَا أَنَاْ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ (۱۰۸)

اور میں تم پر نہیں ہوا مختار۔

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتَّىَ يَحْكُمَ اللّهُ

اور تُو چل اسی پر جو حکم پہنچے تیری طرف اور ثابت (قدم) رہ جب فیصلہ کرے اللہ۔

وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ (۱۰۹)

اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا۔

---

***********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**